وکاس پروڈکشن کا تیار کردہ

सल्तनत

سلطنت

اداکاران:- شیاما منہر ڈیسائی - الوز وغیرہ

سینما سمبندھی ہر قسم کی کتابیں و فوٹو ملنے کا صرف ایک ہی مقام

ہری نارائن پستکالیہ، لال کنواں لاہوری گیٹ دہلی

سٹوری: محل میں بڑی ہلچل مچی ہوئی ہے۔ سب لوگ اس گھڑی کی انتظار میں ہیں کہ شاہی محل میں یوراج کے پیدا ہونے کی خبر سنیں۔ راج کا چھوٹا بھائی کنور نہیں چاہتا تھا کہ کوئی یوراج پیدا ہو۔ بھگوان کی کرنی کہ اسی دن محل میں دو جڑواں بچے پیدا ہوئے۔ راجہ کی جلبلی بچانے کے لئے گورو نے ایک یوراج کو کسی دور پہاڑی پر بھجوا دیا۔ آگے پردہ پر...

گانے

نمبر ۱

یہاں دل بلبلوں جیسے مچل جاتے نکل آتے
بہاریں آگئیں دیکھے کبھی تم بھی چلے آتے
زندگی ہے موج ہے مزیدار ہے فضا
ایک تیرے نہ ملنے سے سارا مزہ بے مزہ
آجا آکے پھر نہ جا۔
چلی چمن کی ہوا۔ خزاں ہوگئی ہوا
بہاروں نے ٹھیس دی لوٹ دے درد کی دوا
دھڑکنوں کے راگ میں تیرا گیت ہے بے مزہ - ایک تیرے...

آجا کہ بہاریں آتی ایک ہی دفعہ - چاہے کرلے تُو وفا چاہے کرے تُو جفا
مگر کسی کو نہ دے انتظار کی سزا۔ اِک تیرے ......
کہیں میرا ٹھکانہ - کہیں تیرے لاپتہ - جُدا رہکے نہ سنا کبھی ملکے تو بتا
پپیہے کی زبانی سُن لے میری التجا - اِک تیرے .....

نمبر ۲

تیر نہ تلوار سے - دُنیا ملنے نہ پیار سے
پیار سے نہ ملنے - ملنے نین کی کٹار سے
مارا دِن کا ترسا کرے چین کو - سارا دِن اُداس رہے تڑپا کرے رین کو
نین سے گھائل ہو تو پائل کی جھنکار سے - تیر نہ ....
کانوں میں جب گھنگھرن چھما چھم بولتا
دل کی دُنیا ڈولتی - پتھر کا دل بھی جھومتا
پائل سے نہ ملنے، مانے چاندی کے کلدار سے - تیر نہ ....

نمبر ۳

ہم تھے انتظار میں، گھائل تیرے پیار میں
بچھڑے ہوئے بالما مِل گئے بہار میں
موسم مزیدار تھا طبیعت بھی بے قرار تھی
تم نہیں تھے رات کو چاندنی بیکار تھی
تھا اثر پپیہے کی پیار کی پکار میں

بچھڑے ہوئے بالما......

دو دلوں کے ساز پیار کے راگ چھیڑ

زندگی ... ہو وہ دہاگ چھیڑ دو۔

گیت ہے ستار میں۔ درد تار تار میں۔ بچھڑے......

میں سولہ سنگار سے تاروں بھری رات ہوں

خوشبو میں ڈوبی ہوئی پیار کی سوغات ہوں

جھومتی ہوں رات بھر تاروں کی قطار میں۔

بچھڑے......

نمبر ۷

یہ متوالا گاڑی والا جیا لے جاتا ہے

پریت لگا کے درد جگا کے دغا دے جاتا ہے

کھیت ہرا ہے دھان بھرا ہے اونچی اونچی بالیاں

ٹھمک ٹھمک کھیتوں میں ناچے۔ چل گھا گھر والیاں

فصلیں دیتیں تالیاں

اپنے نگر کو پیار کے گھر کو بھلا کے جاتا ہے

پریت لگا کے......

لمبی زلفیں میں باندھوں تو چل دیتا گھر چھوڑ کے

اپنے پاس بلاتی ہوں تو جاتا مکھڑا موڑ کے

ہم سے ناتہ توڑ کے
میں گھائل بن پگڑی دامن، چھڑا کے ملے ہے

پریت .....
گرم لگے جو چھاؤں گاؤں کی میٹھی جگ کی نگری
انہیں دور کا ڈھول سہانا پھیکی گھر کی بنسری
میں ایسوں پہ کیوں مری
کر دل سے لے میرا دوپٹہ اڑائے جاتا ہے
پریت لگ کے .....

نمبر ۵

میرے راجہ کسی کا ہو جا۔ پیار میں کھو جا
کہ جس میں بڑا مزہ ہے
پھولوں سے نازک میری نظر۔ فولاد کا ہے میرا جگر
میرے راجہ نظر اب الجھے۔ کبھی نہ سلجھے
کہ اس میں بڑا مزہ ہے
محفل میں تیری ناچے پری۔ لیکر ادائیں مستی بھری
میرے راجہ، محبت کرنا کبھی نہ ڈرنا۔ کہ جس میں بڑا مزہ ہے
پلکوں کا کاجل تیرے لئے
زلفوں کا بادل تیرے لئے

میرے راجہ مجھے دل دینا۔ میرا دل لینا
کہ جس میں بڑا مزہ ہے

نمبر ۶

چھپا کے لائی ہوں پھولوں میں دوستی بھری آنکھیں
کہ جب تم پھول کو دیکھو۔ میری آنکھیں تمہیں دیکھیں
آنکھوں سے دل میں چلے آئیگا
ذرا اتنی تکلیف فرمائیے گا
آنکھوں سے ......

میری ہر ادا پہ تمہارا فسانہ
محبت کا رستہ نہ روکے زمانہ
نگاہوں کی محفل میں آجائیے گا
آنکھوں سے ......

کبھی دور تم سے نہ ہم رہ سکیں گے
زباں سے نہ ہم حال دل کہہ سکیں گے
اشاروں سے خود ہی سمجھ جائیے گا۔
آنکھوں سے ......

(ختم شُد)

ٹیلر ماسٹر بن جاؤ

آجکل معمولی درزی کا کام جاننے والا بھی پندرہ بیس روپے
روزانہ کما لیتا ہے۔ ہماری کتاب "کٹائی سلائی سکشا" کی مدد سے
تو آپ ہر طرح کے نئے نئے فیشنوں کے زنانہ، مردانہ اور بچوں کے
کپڑے کاٹ اور سی سکتے ہیں۔ اور پورے ٹیلر ماسٹر بن سکتے ہیں۔
اس کتاب کی مدد سے کوٹ، پتلون، قمیص، شلوار، پاجامہ
غرارہ، بلاؤز، جمپر، بش شرٹ وغیرہ وغیرہ غرضیکہ زمانۂ حال کے
ہر طرح کے کپڑوں کی کٹائی اور سلائی کا پورا پورا بیان تصویروں سے
سمجھایا گیا ہے۔ اِس کتاب میں ۱۶۸ صفحے ہیں۔ اور تقریباً ایک
سو تصویریں ہیں۔ جن کی مدد سے ایک معمولی پڑھا لکھا انسان ایک کامیاب
ٹیلر ماسٹر بن سکتا ہے۔

قیمت صرف -/-/3 تین روپے

منگانے کا پتہ

نرائن پستکالیہ، لال کرہ، لاہوری گیٹ دہلی

یہ نسخہ ایک مہاتما کا بتایا ہوا ہے۔ اس کی پہلی خوراک ہی اپنا چمتکار دکھاتی ہے

بل داتا

پنجاب سرکار سے رجسٹرڈ نمبر ۹۲۶ چکتسک ویدوشارد پنڈت امی لعل شرما کی تیار کردہ

جریان، احتلام نیز کمزوری کی بہترین دوا

ہر انسان کی صحت و تندرستی کا دار و مدار اس کی منی پر منحصر ہے۔ لیکن بری صحبت، کثرت مجامعت و رات رات بھر جاگنا وغیرہ وجوہات سے منی میں گرمی پہنچکر وہ پتلی ہو جاتی ہے۔ جس سے جریان (پیشاب یا پاخانہ کے ساتھ دھات کا جانا) احتلام (سُپن دوش) دل دماغ کی کمزوری۔ پڑھنے لکھنے و کام کرنیکو دل نہ کرنا۔ کمر یا ریڑھ کی ہڈی میں درد ہونا وغیرہ وغیرہ شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔ جنکو دور کرنیکے لئے "بل داتا" نے ہندوستان میں نام پا لیا ہے۔ دس روز استعمال کرنے سے ہی منی گاڑھی ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ آپ بھی آزمائش کریں۔

قیمت ۳۰ روز کا پورا کورس -/9/2 محصول -/15/-

منگانے کا پتہ

ہری شنکر فارمیسی (M) لال کٹڑہ، لاہوری گیٹ دھلی